# کیڑوں کا ڈنک مارنا اور اس کا گھریلو علاج
# Insect sting and its home remedies

## Objectives مقاصد

1۔ شہد کی مکھی کا ڈنک مارنا اور اسکے گھریلو علاج سے آگاہ ہونا۔

2۔ مختلف بیماریوں کے روایتی معلومات کو سراہنا اور ان علاجوں کو برقرار رکھنا۔

## Background پس منظر

بہت سارے گھریلو علاج آج بھی بطور ابتدائی طبی امداد (First Aid) کے عام بیماریوں میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ ناگزیر حالات میں ان طبی معلومات کا استعمال ایک تیز حدف حل کے طور پر کیا جاتا ہے۔ ان کے ایسے استعمالات کو سمجھنا جس میں سائنسی اصول چھپے رہتے ہیں ان کو جاری رکھنا گویا کہ روایتی علاج کو جاری رکھنے کے برابر ہے۔ شہد کی مکھی کا ڈنک/ بھڑ کا ڈنک جس کے لیے

## Methodology طریقہ کار

1۔ گھر کے کسی بڑے آدمی سے ملیے یا پڑوس کے آدمی سے مل کر پوچھیے کہ شہد کی مکھی کے کاٹے کا علاج کس طرح کیا جاتا ہے۔

2۔ ان کے بنائے ہوئے مختلف علاج کی ایک فہرست بنائیے۔

3۔ علاج میں آپ نے جن چیزوں کا استعمال کیا تھا انہیں اکٹھا کیجیے۔

4۔ ان اشیاء کا لیپ یا محلول (Solution) بنا کر ان کا pH کا ٹسٹ کیجیے جو کوئی بھی موزوں ہو۔ معلوم کیجیے کہ وہ تیزابی (Acidic) تھے یا قلوی (Alkaline) اور ان کے تیزابی Acidity اور قلوی Alkeline‘ حدود (Range) کیا تھے

5۔ اپنے مشاہدے کو ریکارڈ کرتے ہوئے استعمال کی گئی چیزوں کی درجہ بندی کیجیے اور ان کے استعمالات کو مقامی طور پر کیوں فوقیت دیں گے لکھئے۔







یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

## استدلالی خلاصہ Conclusion

معلوم کیجیے کہ مطلوب اشیاء کا pH کیا ہے کہ اس کے ذریعہ شہد کی مکھی/ بھڑ کا علاج کیا جا سکے۔ اور یہ بھی اندازہ لگائیے کہ ڈنک کا کیمیائی pH کتنا ہے۔

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے اپنی معلومات کی وضاحت ایک چارٹ کی مدد سے کیجیے۔

2۔ ان بیماریوں کو معلوم کیجیے جنہیں آج کے دن تک ان کا روایتی انداز میں علاج کیا گیا تھا۔

3۔ کتے/ بلی کے کاٹنے کا علاج ابتدائی طبی امداد کے ذریعے کس طرح کریں گے۔



ادویاتی پودے بہت اہم ہوتے ہیں کیونکہ 60% سے زیادہ دنیا کے لوگ راست طور پر اپنی ادویات کی تیاری میں ان پودوں پر انحصار کرتے ہیں۔